بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز منگل 15 فروری 2022ء 13 رجب 1443ھ | شمارہ 220 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

پاکستان اور ایران کا اہم معاملات کو مذاکرات سے حل کرنے کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ بنانے پر اتفاق

پاکستان اور ایران کی سرزمین ایک دوسرے کیخلاف دہشتگرد کاروائیوں کیلئے استعمال کرنیکی اجازت نہیں دی جاسکتی، پاک ایران بارڈرز پر مارکیٹس قائم کی جائینگی، وزارت داخلہ میں مذاکرات کے بعد مشترکہ اعلامیہ

مالی وسائل کی شدید قلت سے افغانستان میں جلد انسانی المیہ جنم لے سکتا ہے (شیخ رشید) جو لوگ پاکستان اور ایران کے درمیان تعلقات کو خراب کرنا چاہتے ہیں اپنے مقاصد میں کامیاب نہیں ہونگے، ایرانی وزیر داخلہ ڈاکٹر احمد وحیدی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ایران نے اہم معاملات کو مذاکرات سے حل کرنے کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کی سرزمین ایک دوسرے کے خلاف دہشت گرد کاروائیوں کے لئے استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پاکستان اور ایران کے

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت سے آرمی چیف کی ملاقات، قومی سلامتی اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

آرمی چیف کی صدر مملکت کو سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ تیاری، دہشتگرد عناصر کے خلاف اقدامات پر بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) صدر عارف علوی سے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ، نے ملاقات کی جس میں قومی سلامتی اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آرمی چیف نے صدر مملکت کو سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ تیاری، دہشتگرد عناصر کے خلاف اقدامات پر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی حکومت مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کو ''اچھوت'' سمجھتی ہے، منیر اکرم

بھارت کی مالی معاونت، سرپرستی اور حمایت سے ہونیوالے دہشتگردی کے حملے ہمارا سب سے بڑا چیلنج ہیں

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب منیر اکرم نے کہا ہے کہ بھارت دہشت گردی سے متاثر نہیں، جنوبی ایشیا میں دہشت گردی کی ماں ہے۔ مختلف ممالک کے مندوبین سے ملاقاتوں میں انہوں نے واضح کیا کہ بھارت بین الاقوامی برادری کے سامنے

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شمالی وزیرستان پسنی اور خضدار میں 2 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان کے علاقے پسنی اور خضدار میں سیکورٹی فورسز کی کاروائیاں، فائرنگ کے تبادلے میں دہشتگرد کمانڈ ہلاک، 2 دہشتگرد گرفتار اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا گیا

شمالی وزیرستان میں ملٹری پوسٹ میں گھسنے کی کوشش پر خودکش حملہ آور مارا گیا، مقامی افراد کا سیکیورٹی فورسز کی بروقت مؤثر کارروائی کو سراہا اور علاقے سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے مکمل حمایت کا اظہار

کوئٹہ/راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے علاقے پسنی اور خضدار میں سیکورٹی فورسز کی کاروائیاں، فائرنگ کے تبادلے میں دہشتگرد کمانڈ ہلاک، 2 دہشتگرد گرفتار اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ پاک فوج کے محکمہ تعلقات آئی ایس پی آر کے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان سے چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ ملاقات کررہے ہیں

اتحادی ہمارے ساتھ ہیں کہیں نہیں جارہے، وزیراعظم

اپوزیشن کے بیانیے کا مقابلہ کارکردگی سے کریں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے ذاتی حملوں پر مشتمل سوشل میڈیا مہم پر سخت ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مادر پدر آزادی خطرناک ہے، ایسے رجحان کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی۔ ذرائع کے مطابق پیر کو وزیراعظم عمران خان

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمان کی جہانگیر ترین سے ملاقات، تعاون طلب کرلیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ (پی ڈی ایم) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے پاکستان تحریک انصاف کے اتحادیوں کے بعد

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملتان، وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے ہیں

ارا کین سینٹ کا خانیوال میں ہونے والے واقعہ پر سخت تشویش کا اظہار

واقعہ کی تحقیقات ہونی چاہیے، معاملہ انسانی حقوق کمیٹی کو بھیجا جائے، اعظم نذیر تارڑ، سینیٹر شیری رحمٰن

کوئی بھی اٹھے گا اور کسی کو بھی مار دے گا ایسا کہاں ہوتا ہے، معاملہ کمیٹی کو بھجوا کر اپنی ذمہ داریوں سے بری نہیں ہوا جاسکتا، سینیٹر عرفان صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) ارا کین سینٹ نے خانیوال میں ہونے والے واقعہ پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ کی تحقیقات ہونی چاہیے، معاملہ انسانی حقوق کمیٹی کو بھیجا جائے۔ پیر کو سینٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ گزشتہ روز ملک میں ایک اور اندوہناک واقعہ ہو گیا، سری لنکن شہری کی افسوسناک موت کے زخم ابھی تازہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خانیوال میں ہونے والے واقعے پر ایوان میں بحث کا موقع دیا جائے۔ انہوں نے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تھری اے آئنس کیس نیب کی بڑی کاروائی، مفرور ڈائریکٹر گرفتار

ملزم 8 روزہ ریمانڈ پر نیب کے حوالے، ملزم لوگوں سے اربوں روپے کیس میں روپوش تھا

ڈی جی نیب کے احکامات پر مرکزی ملزم کی جلد گرفتاری کیلئے سرتوڑ کوششیں جاری، جلد بڑی کامیابی ملنے کا امکان

کوئٹہ (این این آئی) قومی احتساب بیورو بلوچستان نے تھری اے آئنس فراڈ کیس میں اہم پیشرفت کرتے ہوئے اربوں روپے فراڈ میں مفرور فراڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کامران انجم عابدی کو کراچی سے گرفتار کرلیا ہے، ملزم وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد سے روپوش تھا، ڈی جی نیب بلوچستان کی ہدایات پر مرکزی ملزم کا شکنجہ قمر کی گرفتاری کے لئے بھی سرتوڑ کوششیں جاری ہیں۔ ملزم کو احتساب عدالت کوئٹہ پیش کر کے آٹھ روزہ ریمانڈ حاصل کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی ہے۔ واضح رہے نیب بلوچستان کو ملنے والی شکایات اور ابتدائی چھان

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

زرداری کی سیاست سے گنگو گینگ کو دن میں تارے نظر آرہے ہیں، سینیٹر پلوشہ خان

فواد چودھری برساتی مینڈک ہیں آج کل مینڈک کو بیان بازی کا زکام ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پیپلز پارٹی سینیٹر پلوشہ خان نے وفاقی وزرا کے بیانات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی میں پولیس کی چوکی پر دستی بم حملہ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) سبی میں پولیس کی چوکی پر دستی بم حملہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر مشتاق احمد نے بجلی مہنگی کرنے کا معاملہ سینٹ میں اٹھادیا

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے بجلی مہنگی کرنے کا معاملہ سینٹ میں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سندھ میں بلدیاتی حلقہ بندی کا پہلا مرحلہ تکمیل کے قریب ہے، الیکشن کمیشن

الیکشن کمیشن ابتدائی حلقہ بندیوں کی فہرست 16 فروری کو شائع کرے گا، ذرائع

کراچی (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ سندھ میں بلدیاتی حلقہ بندی کا پہلا مرحلہ تکمیل کے قریب ہے۔ ذرائع الیکشن کمیشن نے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چیئرمین سینٹ کی حکومت کو بلوچستان کے طلبا کے مسائل حل کرنیکی ہدایت

بلوچستان میں میڈیکل سٹوڈینس کے ساتھ غیر مساوی سلوک ہورہا ہے، سینیٹر دنیش کمار

بلوچستان یونیورسٹی کے اساتذہ کی تنخواہیں پوری نہیں ہورہی، گزشتہ روز بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا، جس کی وجہ سے صنعتیں تباہ ہورہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی نے حکومت کو بلوچستان کے طلباء کے مسائل حل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پیر کو سینٹ کا اجلاس چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت ہوا جس میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سینیٹرز نے طلباء کے مطالبات کا مسئلہ حل کرنے کا مطالبہ کیا۔ سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ بلوچستان میں میڈیکل سٹوڈینس کے ساتھ غیر مساوی سلوک ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم سی کے حکام نے جارحانہ رویہ اپنایا ہوا ہے، پی ایم سی کے صدر اور نائب صدر کمیٹی اجلاس میں بھی پیش نہیں ہوتے، انکی گردنوں

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی، چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ سے جی ایچ کیو میں ایرانی وزیر خارجہ احمد وحیدی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہے ہیں

اپنی نااہلی کا ملبہ اٹھارویں ترمیم پر ڈالنا مضحکہ خیز ہے، نیر بخاری

اٹھارہویں ترمیم کیخلاف بیانات صوبوں سے انکے آئینی حقوق چھیننے کے مترادف ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل نیر بخاری نے کہا ہے کہ اپنی نااہلی کا ملبہ اٹھارویں ترمیم پر ڈالنا مضحکہ خیز ہے۔ اپنے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کورونا وائرس سے مزید 29 افراد چل بسے، مزید 2662 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس سے مزید 29 افراد چل بسے، مزید 2662 نئے

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

محکمہ جنگلی حیات، صوبہ کے مختلف مقامات پر غیر قانونی شکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن

لاہور (این این آئی) وزیر جنگلی حیات و ماہی پروری پنجاب سید صمصام علی بخاری و سیکرٹری جنگلات،

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مولانا فضل الرحمٰن اور شہباز شریف جگہ جگہ بھٹک رہے ہیں، فواد چوہدری

جن لوگوں کی وجہ سے پاکستان کی معیشت کا بیڑا غرق ہوا، وزیر اطلاعات

پنڈ دادنخان (این این آئی) وزیر اطلاعات و نشریات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن اور شہباز شریف جگہ جگہ بھٹک رہے ہیں، جن

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شہر کی ترقی پروجیکٹ سے غریب عوام کو ریلیف ملے گا، کمشنر کوئٹہ

فیز ون میں فروٹ اینڈ ویجیٹیبل مارکیٹ، بس اینڈ ٹیکسی اسٹینڈ اور لاری اڈا کو شہر سے باہر منتقل کیا جائے گا

چمن شہر کو جدید اور ترقی یافتہ شہر بنانے سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی اور عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی، سہیل الرحمٰن

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ چمن شہر کو جدید اور ترقی یافتہ شہر بنانے سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی اور عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی سرحدی شہر ہونے کی وجہ سے تجارت کے حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جدید دور کے تقاضوں اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر شہر کی ٹاؤن پلاننگ کی جائے گی تاکہ تاجروں کے ساتھ ساتھ عام عوام کو سہولیات مل سکیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے چمن شہر کو ترقی یافتہ اور معاشی سرگرمیوں کے نظام کو مزید مستحکم بنانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

پاک ایران بارڈرز امن اور دوستی کی حد ہے، جنرل قمر جاوید باجوہ

آرمی چیف سے ایرانی وزیر داخلہ کی ملاقات، علاقائی سلامتی کی صورتحال، دفاعی و سیکیورٹی کے شعبوں میں پاک ایران تعلقات پر گفتگو

پاک ایران بارڈر پر شر پسندوں کو کسی قسم کی رعایت دینے یا کاروائیوں سے روکنے کے لئے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے، سربراہ پاک فوج

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ خطے میں امن و استحکام کے لئے دونوں برادر ممالک کے درمیان وسیع تر تعاون اہم ہے، پاک ایران بارڈرز، امن اور دوستی کی سرحد ہے، پاک ایران بارڈر پر شر پسندوں کو کسی قسم کی رعایت دینے یا کاروائیوں سے روکنے کے لئے مشترکہ اقدامات کی ضرورت ہے۔ پیر کو آئی ایس پی آر کے مطابق ایران کے وزیر داخلہ ڈاکٹر احمد واحدی نے جی ایچ کیو میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کی جس میں جیو اسٹریٹجک ماحول بالخصوص علاقائی سلامتی کی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چار ماہ قبل لاپتہ ہونیوالے زہری کے رہائشی محمد افضل ولد عبداللہ زہری منظر عام پر آگئے

خضدار (این این آئی) چار ماہ قبل لاپتہ ہونے والے زہری کے رہائشی محمد افضل ولد عبداللہ زہری

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے آرمی چیف کی ملاقات، پاک فوج کے پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے ملاقات کی جس میں پاک فوج کے پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک میں پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونیکا امکان، اوگرا نے سمری پیٹرولیم ڈویژن کو بھجوادی

اوگرا نے پیٹرول ساڑھے 8 روپے فی لیٹر اور ڈیزل ساڑھے 5 روپے فی لیٹر مہنگا کرنے کی تجویز دے دی

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں (آج) منگل کو پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کا امکان ہے، اوگرا نے سمری پیٹرولیم ڈویژن کو بھجوادی۔ ذرائع کے

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ہم آپ سے تعلق نبھائیں گے، مونس الٰہی کی وزیراعظم کو یقین دہانی

گزارش ہے پی ٹی آئی والوں کو تگڑے طریقے سے کہہ دیں گھبرانا نہیں ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور وفاقی وزیر مونس الٰہی نے وزیراعظم کو ساتھ نبھانے کی یقین دہانی کرادی۔ تقریب سے خطاب میں مونس الٰہی نے گزشتہ دنوں اپوزیشن رہنماؤں کی چوہدری شجاعت اور پرویز الٰہی سے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نواب شاہ دھرنے میں بیٹھے مظاہرین انصاف کے منتظر ہیں، علی زیدی

پولیس نے علی حسن زرداری اور محسن زرداری کو ایف آئی آر میں نامزد کرنے سے انکار کردیا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر اور وفاقی وزیر برائے بحری امور علی حیدر زیدی نے کہا ہے کہ پولیس نے علی حسن

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم عمران خان منعقدہ تقریب کے شرکا سے خطاب کررہے ہیں

جمعیت ملک میں اسلامی نظام کی نفاذ کیلئے کوشاں ہے، مولانا عبدالواسع

خیبر پختونخوا میں حالیہ بلدیاتی انتخابات میں جمعیت کی بھاری اکثریت کامیابی اس بات کی نوید ہے

چند عناصر پارٹی میں انتشار پھیلانے کی کوشش کررہے ہیں، عوام جمعیت کے فکر منشور دستور سے متفق ہیں، رکن قومی اسمبلی

ژوب (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ملک میں اسلامی نظام کی نفاذ کیلئے کوشاں ہیں خیبر پختونخوا میں حالیہ بلدیاتی انتخابات میں جمعیت علماء اسلام کی بھاری اکثریت کامیابی اس بات کی نوید ہے کہ عوام جمعیت علماء اسلام کے فکر منشور دستور سے متفق ہے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی امیر رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع، ضلعی نائب امیر مولوی امیر خان کاکڑ کی جانب سابق ضلعی ناظم مرحوم مولوی حبیب الرحمٰن مدرسہ میں استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ملک میں خدا کی زمین پر خدا کا نظام لانا چاہتی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایرانی وزیر داخلہ کا اسلام آباد پہنچنے پر پرتپاک استقبال

اسلام آباد (این این آئی) ایران کے وزیر داخلہ ڈاکٹر احمد وحیدی کا اسلام آباد پہنچنے پر وزیر داخلہ شیخ

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سندھ کے ہسپتالوں کے دروازے ہر کسی کیلئے کھلے ہیں، بلاول

ہم نہیں پوچھتے کہ آپ کے پاس کتنا پیسہ ہے؟ کونسی زبان بولتے ہیں، سندھ میں بین الاقوامی اداروں کی طرح ادارے چلا رہے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی

آخری بار جب جناح اسپتال آیا تھا تو ایک سائبر نائف تھا، اب دو سائبر نائف ہیں، دنیا کا واحد ادارہ ہے جہاں مفت علاج ہورہا ہے، تقریب سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سندھ کے اسپتالوں کے دروازے ہر کسی کے لیے کھلے ہیں، ہم نہیں پوچھتے کہ آپ کے پاس کتنا پیسہ ہے؟ کونسی زبان بولتے ہیں۔ ہم سندھ میں بین الاقوامی اداروں کی طرح ادارے چلا رہے ہیں، یہاں انفراسٹرکچر، تعلیم، صحت اور انرجی کے شعبہ میں کام ہوا ہے۔ پیر کو جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل کالج میں 500 بستروں اور 18 جدید ترین آپریشن تھیٹروں پر مشتمل سرجیکل کمپلکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سیاستدان

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

شجاعت حسین، پرویز الٰہی کا آصف زرداری کو ٹیلیفون، خیریت دریافت کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر چودھری شجاعت حسین اور سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی نے سابق صدر مملکت آصف علی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ریکوڈک کے معاملے پر سینٹ کی ہول کمیٹی کا اجلاس بلایا جائے، طاہر بزنجو

ریکوڈک کے معاملے پر بلوچستان اسمبلی میں ان کیمرہ بریفنگ دی جاچکی ہے، چیئرمین سینٹ

ریکوڈک کے معاملے پر ہم اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہونگے، سینٹ کے اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے سینیٹر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ ریکوڈک کے معاملے پر ہم اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہونگے،

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

تمام ضلعی آفیسران عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑیں، فتح نجک

ہمارا مقصد صرف حکومتی ثمرات عوام تک پہنچانا ہے، کمشنر نصیر آباد ڈویژن

گندواہ (نامہ نگار) کمشنر نصیر آباد ڈویژن فتح خان نجک نے کہا ہے کہ تمام ضلعی آفیسران عوام کی خدمت میں کوئی کسر نہ چھوڑیں ہمارا مقصد صرف حکومتی ثمرات عوام تک پہنچانا ہے اور عوام کے مسائل کی نشاندہی کرکے انہیں حل کرنا ہماری اولین ذمہ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

واٹر سکیورٹی، فوڈ سکیورٹی اور ہیومن سکیورٹی کیلئے ڈیموں کی تعمیر ضروری ہے، چیئرمین واپڈا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کا اجلاس 18 فروری کو طلب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ریٹائر ہونے والے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ قمر مسعود محکمہ داخلہ کے ملازمین کے ساتھ الوداعی بات چیت کررہے ہیں

بلاول بیٹا تیاری کرلو میں لاڑکانہ آرہا ہوں، شاہ محمود کا چیلنج

26 تاریخ کے لانگ مارچ کی میں خود قیادت کروں گا، وزیر خارجہ

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عمران خان اپنی ناکامی تسلیم کرتے ہوئے عوام سے نیا میڈیٹ لیں، لیاقت بلوچ

اسٹیبلشمنٹ کو چاہیے کہ عوام کو اپنی رائے کا آزادانہ استعمال کرنے کا حق دے، جماعت اسلامی

سرگودھا (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پورے ملک میں دہشتگرد تنظیم میں منظم ہوچکی ہیں، میاں افتخار

خورشید شاہ کی قیادت میں پی پی وفد کا باچا خان مرکز پشاور کا دورہ، لانگ مارچ میں شرکت کا فیصلہ

اے این پی آج بھی سمجھتی ہے جب تک نیشنل ایکشن پلان پر من وعن عملدرآمد نہیں کیا جاتا حالات مزید خراب ہوں گے

پشاور (این این آئی) قومی اسمبلی میں سابق قائد حزب اختلاف سید خورشید شاہ کی قیادت میں پی پی وفد نے باچا خان مرکز پشاور کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل اے این پی میاں افتخار حسین، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان اور دیگر رہنماؤں نیا نکا استقبال کیا۔ پی پی پی وفد میں صوبائی صدر نجم الدین خان، صوبائی سیکرٹری اطلاعات امجد آفریدی اور دیگر شامل تھے۔ پی پی پی رہنماؤں نے ایاین پی قائدین

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

عزیز خاندان فاتحہ کے لئے تشریف لائے۔ مرحوم کا جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں ادا کیا گیا۔ جنازہ میں ہزاروں سوگواران نے شرکت کی۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے بڑے بیٹے نے پڑھائی۔ مرحوم کی تدفین کے بعد ان کے عزیز و اقارب نے ان کے گھر پر فاتحہ خوانی کی۔ مرحوم کی رحلت پر ان کے عزیز و اقارب، دوست احباب اور علاقہ کے معززین نے گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم کی رحلت سے علاقہ ایک مخلص سماجی کارکن سے محروم ہو گیا ہے۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں شرکت کرنے والوں میں ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان سید ہاشم شاہ، ایس ایس پی ڈیرہ غازی خان ڈاکٹر عثمان انور، ایس پی سٹی ڈیرہ غازی خان سید ذوالفقار حسین گیلانی، ایس پی انویسٹی گیشن ڈیرہ غازی خان ڈاکٹر عمر سعید ملہی، ایس پی سٹی تونسہ شریف سید ذوالفقار حسین بخاری، ایس پی صدر تونسہ شریف سید ذوالفقار حسین گیلانی، ایس پی ہیڈ کوارٹرز ڈیرہ غازی خان سید ذوالفقار حسین بخاری، ایس پی ٹریفک ڈیرہ غازی خان سید ذوالفقار حسین بخاری، ایس پی کاہلوں شریف سید ذوالفقار حسین بخاری، ایس پی ایڈمن ڈیرہ غازی خان سید ذوالفقار حسین بخاری، ایس پی تونسہ شریف سید ذوالفقار حسین بخاری

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز منگل 15 فروری 2022ء

متنازع اسرائیلی رکن پارلیمنٹ کے دورۂ یروشلم میں جھڑپیں، 8 افراد گرفتار

عوامی فسادات اور تشدد میں ملوث ہونے کے شبے میں آٹھ افراد کو مشرقی یروشلم کے الحاق شدہ علاقے سے گرفتار کیا جو شہر پر اسرائیلی قبضے کے خلاف فلسطینی مزاحمت کی علامت کے طور پر ابھرا، پولیس

انتہائی دائیں بازو کے مذہبی صیہونی اتحاد کے لیڈر ایتامار بین گویر کی جانب سے شیخ جراح میں ایک پارلیمانی دفتر کھولنے کے بعد یہ جھڑپیں پھوٹ پڑیں، جسے انہوں نے یہودی باشندوں کی حمایت ظاہر کرنے کی کوشش قرار دیا

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مشرقی یروشلم کے کشیدہ علاقے شیخ جراح میں ایک انتہائی دائیں بازو کے متنازع یہودی قانون ساز کے دورے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے دوران اسرائیلی پولیس کی فلسطینیوں سے جھڑپ ہوئی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس نے کہا کہ انہوں نے عوامی فسادات اور تشدد میں ملوث ہونے کے شبے میں آٹھ افراد کو مشرقی یروشلم کے الحاق شدہ علاقے سے گرفتار کیا جو شہر پر اسرائیلی قبضے کے خلاف فلسطینی مزاحمت کی علامت کے طور پر ابھرا۔انتہائی دائیں بازو کے مذہبی صیہونی اتحاد کے لیڈر ایتامار بین گویر کی جانب سے شیخ جراح میں ایک پارلیمانی دفتر کھولنے کے بعد یہ جھڑپیں پھوٹ پڑیں، جسے انہوں نے یہودی باشندوں کی حمایت ظاہر کرنے کی کوشش قرار دیا۔گزشتہ سال کئی فلسطینی خاندانوں کو آبادکار گروپوں کی جانب سے بے دخلی کا سامنا کرنے کے بعد شیخ جراح میں پیدا ہونے والی کشیدگی غزہ کی پٹی پر اسرائیل اور مسلح گروپوں کے درمیان جنگ کا سبب بنی تھی۔مشرقی یروشلم میں

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کویت میں 60 سالہ غیر ملکیوں پر اضافی 60 دینار کا بوجھ عائد کر دیا گیا

کویت سٹی (این این آئی) کویت میں 60 سالہ غیر ملکیوں پر اضافی 60 دینار کا بوجھ عائد کر دیا گیا ہے جس کے بعد تارکین وطن کو دوہری رہائش اور ہیلتھ انشورنس فیس ادا کرنا پڑ رہی ہے۔مقامی میڈیا رپورٹ کے مطابق 60 سال اور اس سے زیادہ عمر کے غیر گریجویٹ غیر ملکی کارکنان جو سنہ 2022 کے انتظامی فیصلہ نمبر 34 کے تحت آتے ہیں جس نے انہیں ایک سال کے لیے پرائیوٹ سیکٹر کے اندر اپنے ورک پرمٹ کی تجدید یا منتقلی کی اجازت دی ہے۔انتظامی فیصلے کے مطابق انہیں اپنے رہائشی اجازت نامے کی تجدید کے لیے 250 دینار اور نجی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

الشیخ جراح میں اسرائیلی کارروائی منظم دہشتگردی ہے، عوامی محاذ

اب وقت آ گیا ہے کہ عوامی مزاحمت کی متحد قومی قیادت کا اعلان کیا جائے، بیان

آبادکاروں کی دہشتگردی اور بربریت فلسطینیوں کو کھلے تصادم اور مغربی کنارے میں قابض ریاست کیخلاف براہ راست تصادم پر مجبور کرتی ہے

غزہ (این این آئی) پاپولر فرنٹ فار دی لبریشن آف فلسطین کی مرکزی کمیٹی کے رکن ماہر مزاہر نے کہا ہے کہ الشیخ جراح محلے میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ اسرائیلی غاصب حکومت کی طرف سے منظم جرائم اور دہشت گردی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پاپولر فرنٹ نے الشیخ جراح میں اسرائیلی فوج کی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی اور منظم ریاستی دہشت گردی قرار دیا۔مزاہر نے پریس بیانات میں کہا کہ آبادکاروں کی دہشت گردی اور بربریت فلسطینیوں کو کھلے تصادم اور مغربی کنارے میں قابض ریاست کے خلاف براہ راست تصادم پر

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نوسٹوری کمپلیکس کے افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

کیو ڈی اے کی جانب سے سیوریج لائن کی تعمیر مرمت خوش آئند ہے، اہلیان چلتن

ٹوٹ پھوٹ اور تجاوزات کے باعث علاقے میں سیوریج کا پانی کھڑا ہونے سے نہ صرف تعفن اور بیماریاں کا علاقے کے عوام کو سامنا تھا

ہم اس سے احسن اقدام پر کیو ڈی اے کے حکام و دیگر کے شکر گزار ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ وہ اس طرح کے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھیں گے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے سیوریج لائن کی تعمیر مرمت کو خوش آئند سمجھتے ہوئے سیکرٹری کیو ڈی اے، ڈی جی کیو ڈی اے و دیگر کا شکریہ ادا کرتے ڈی آئی جی کوئٹہ کی سیکورٹی فراہمی قابل تحسین اقدام ہے یہ بات اہلیان چلتن نے گزشتہ روز اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ چلتن سیوریج لائن کے ٹوٹ پھوٹ اور قبضہ مافیا کی جانب سے وہاں تجاوزات کے قیام کے باعث علاقے میں سیوریج کا پانی کھڑا ہونے سے نہ صرف تعفن اور بیماریاں کا علاقے کے عوام کو سامنا تھا بلکہ اس سے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے انٹرنیشنل کرکٹ کھلاڑی حسیب اللہ خان ملاقات کر رہے ہیں

روس نے یوکرین کو 3 سمتوں سے گھیر لیا ہے

دوسری جانب روس اور یوکرین کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، امریکی و یوکرائنی صدور کا روسی فوجی جارحیت کیخلاف سفارتکاری کی اہمیت پر اتفاق

روس یوکرین سرحد کے علاوہ یوکرین سے الگ ہونے والے علاقے کریمیا میں بھی روس کی افواج موجود ہیں جبکہ روس کا اتحادی ملک بیلا روس بھی روس کا لانچنگ پیڈ ہوسکتا ہے

ماسکو (این این آئی) روس یوکرین تنازع پر امریکی صدر جو بائیڈن اور یوکرین کے صدر ولودومیر زیلنسکی نے سفارت کاری جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس نے ایک بیان میں کہا کہ ٹیلیفونک رابطے میں دونوں رہنماؤں نے ممکنہ روسی فوجی جارحیت کے خلاف سفارت کاری کی اہمیت پر اتفاق کیا۔صدر بائیڈن نے واضح کیا کہ یوکرین کے خلاف کسی بھی مزید روسی جارحیت کا امریکا اپنے اتحادیوں اور شراکت داروں کے ساتھ مل کر فوری اور فیصلہ کن جواب دے گا۔رپورٹس کے مطابق امریکی اور یوکرینی صدور کے درمیان ٹیلیفونک بات چیت 50 منٹ تک جاری رہی۔دوسری جانب روس اور یوکرین کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے اور رپورٹس میں دعوی کیا جا رہا ہے کہ روس نے یوکرین کو 3 سمتوں سے گھیر لیا ہے۔امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق حالیہ ہفتوں میں یوکرین کی سرحد کے قریب روس ایک لاکھ سے زائد فوجیوں کو اکٹھا کر چکا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا کہ روس نے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر مملکت برائے اطلاعات ونشریات فروخ حبیب میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

سنگباری کرنیوالوں کیلئے سخت سزاؤں کا اسرائیلی بل پیش

فلسطینی ماہر تعلیم بشار سعد مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر جنین میں عرب امریکن یونیورسٹی کے لیکچرر ہیں، رپورٹ

پروفیسر سعد اس وقت عرب، اسلامی ادویات کی جدید کاری پر کام کر رہے ہیں اور کئی سائنسی اعزازات حاصل کر چکے ہیں

جنین (این این آئی) امریکی اسٹینفورڈ یونیورسٹی نے فلسطینی ماہر تعلیم بشار سعد کا انتخاب کیا، جو مقبوضہ مغربی کنارے کے شہر جنین میں عرب امریکن یونیورسٹی کے لیکچرر ہیں۔انہیں سال 2021 کے لیے دنیا کے بہترین سائنسدانوں کی فہرست کے دو فیصد میں شامل کیا گیا ہے۔انہیں یہ درجہ اہم سائنسی تحقیق کی وجہ سے دیا گیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یونیورسٹی جو دنیا کی سب سے باوقار یونیورسٹیوں میں سے ایک ہے نے فہرست جاری کی۔اس میں 22 سائنسی شعبوں اور 176 ذیلی شعبوں کو مدنظر رکھتے ہوئے 8 ملین سے زیادہ

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ریٹائر ہونے والے ایڈیشنل چیف سیکرٹری [illegible] داخلہ قمر مسعود کے ساتھ محکمہ داخلہ کے ملازمین کا گروپ فوٹو

محفوظ طریقے سے عمرہ ادا کرنے کیلئے اہم ہدایات اور احتیاطی تدابیر جاری

ماسک ضروری، جسمانی فاصلہ برقرار رکھا جائے، ہاتھوں کو دھونے اور سینی ٹائزر کے استعمال پر زور

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت صحت اور امور حرمین نے صحت مند اور محفوظ فضا میں عمرے کی ادائی کے لیے ہدایات اور احتیاطی تدابیر جاری کر دیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت صحت نے معتمرین کو جسمانی فاصلے اور ماسک پہننے کی ہدایت کی۔علاوہ ازیں مصافحہ نہ کرنے اور ہاتھوں کو دھونے اور سینی ٹائزر کے استعمال پر زور دیا گیا

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عرب ٹائیگر ڈے پر سعودی آرٹسٹوں کی کاوش سوشل میڈیا پر وائرل

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے چار آرٹیسٹوں نے عرب ٹائیگر ڈے کو اپنے طریقے سے منانے کا فیصلہ کرتے ہوئے الخواہ شہر میں ایک چٹان پر ٹائیگر کی تصویر بنائی ہے جس کے ہر طرف چرچے ہونے لگے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وینکوا جزیرے کے قریب چار منزلہ بلند پراسرار سمندری لہر کا نیا ریکارڈ

وینکوا (این این آئی) سمندر میں آوارہ اور اچانک اٹھنے والی سمندری لہر کا مشاہدہ کیا گیا ہے جو 58 فٹ بلند تھی اور کسی بھی طرح تین یا چار منزلہ عمارت سے کم نہ تھی۔ایسی لہروں کو ماہرین نے روگ ویو کا نام دیا ہے جو پرسکون سمندر میں اچانک پیدا ہوتی ہیں اور اس کے بعد سمندر پر معمول پر آجاتا ہے۔تاہم برٹش کولمبیا میں واقع سمندری جزیرے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ریٹائر ہونے والے ایڈیشنل چیف سیکرٹری [illegible] داخلہ قمر مسعود کے ساتھ محکمہ داخلہ کے ملازمین کا گروپ فوٹو

شاہ سلمان کی ایک پینٹنگ نے میری زندگی بدل دی، سعودی آرٹسٹ

ریاض (این این آئی) ایک سعودی آرٹسٹ نے انکشاف کیا ہے کہ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان کے حوالے سے بنائی گئی ان کی ایک پینٹنگ نے ان کی زندگی بدل دی۔یہ ان کی پیشہ ورانہ فن کے لیے خود کو وقف کرنے کی شروعات تھی۔سعودی آرٹسٹ

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قبرصی ہم منصب سے دہشتگردی خاتمے پر گفتگو ہوئی، سعودی وزیر خارجہ

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے باور کرایا ہے کہ قبرص میں گہری سطح کی بات چیت ہوئی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اپنے قبرصی ہم منصب کے ساتھ ایک پریس کانفرنس میں ان کا کہنا تھا کہ ہم نے علاقائی استحکام

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ایران میں معاشی بحران، ملک گیر حکومت مخالف مظاہرے شروع

تہران (این این آئی) ایران میں اشیائے صرف کی قیمتوں میں اضافے اور ابتر معاشی حالات کے اثرات اب بھی روزمرہ کی زندگی پر ظاہر ہو رہے ہیں۔ایران میں خراب معاشی حالات کی وجہ سے عوام ایک بار پھر سڑکوں پر نکل آئے اور ملک کے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سعودی آرامکو کے چار فی صد حصص خود مختار دولت فنڈ کو منتقل

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد اور نائب وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے سعودی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

الشیخ جراح پر اسرائیلی فوج کی چڑھائی، 31 فلسطینی زخمی

زخمی ہونیوالوں میں امدادی عملے کے تین کارکن، دو غیر ملکی امدادی کارکن اور دیگر عام شہری شامل ہیں

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) قابض اسرائیلی فوج نے فلسطین کے مقبوضہ بیت المقدس میں الشیخ جراح کے مقام پر فلسطینیوں پر چڑھائی کر دی جس کے نتیجے میں کم سے کم 31 فلسطینی زخمی ہوگئے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق بلال احمر فلسطین نے ایک بیان میں کہا کہ اس کے امدادی عملے نے اکتیس زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی۔اسرائیلی

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ممکنہ حملے کا خطرہ، یوکرین نے روس کی جانب جھکنا شروع کر دیا

یوکرین کا آئندہ 48 گھنٹوں میں یورپی سکیورٹی گروپ کیساتھ مل کر روسی حکام سے ملاقات کا مطالبہ

ماسکو (این این آئی) روس کے ممکنہ حملے اور خطے میں بڑھتی کشیدگی کے پیش نظر یوکرین نے روس سے ملاقات کا مطالبہ کیا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرین نے آئندہ 48 گھنٹوں میں یورپی سکیورٹی گروپ کیساتھ مل کر روس سے ملاقات کا مطالبہ کیا۔یوکرین کشیدگی کے خاتمے کے لیے برطانوی وزیر اعظم رواں ہفتے عالمی رہنماؤں سے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یوکرین کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں تیل قیمتوں میں مزید اضافہ

ٹریڈنگ برینٹ خام تیل کی قیمت 96، ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت 95 ڈالر فی بیرل ہوگئی

کیف (این این آئی) یوکرین کشیدگی کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ایشیائی منڈیوں میں دوران ٹریڈنگ برینٹ خام تیل کی قیمت 96 ڈالر اور ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت 95 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ گئی ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق دوسری جانب امریکی محکمہ دفاع پینٹاگون نے روس کے یوکرین پر

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانوی وزیر اعظم یوکرین بحران میں کمی کیلئے متحرک

بورس جانسن اتحادیوں سے مل کر کشیدگی میں کمی کی کوشش کریں گے

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر اعظم بورس جانسن سفارتکاری کے ذریعے یوکرین بحران میں کمی کے لیے متحرک ہوگئے، میڈیا رپورٹس کے مطابق ترجمان برطانوی وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ وہ اتحادیوں سے مل کر کشیدگی میں کمی کی کوشش کریں گے، یوکرین پر حملہ خود روس کے لیے بھی تباہ کن ہوگا۔ترجمان ٹین ڈاونگ اسٹریٹ نے بتایا کہ

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے چلتن کے علاقے میں سیوریج لائن کی تعمیر مرمت کی جا رہی ہے

امریکا دنیا کے بہترین سائنسدانوں میں فلسطینی دانشور کا انتخاب

انٹیل نے اپنی پہلی کرپٹو چپ بنانے کا اعلان کیا ہے جو عین بلاک چین پر تشکیل دی جائے گی

اب 20 فروری کو انٹرنیشنل سالڈ اسٹیٹ سرکٹ کانفرنس میں اس کی تفصیلات بیان کی جائیں گی، رپورٹ

سان فرانسسکو (این این آئی) کرپٹو کرنسی اور بلاک چین کے شور میں اب ایک اور صدا کی بازگشت ہے کہ انٹیل نے اپنا پہلا بلاک چین پروسیسر بنانے کا اعلان کر دیا ہے جسے کرپٹو چپ کا نام دیا گیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق انٹیل نے نئی مائنگ روچپ کو بلاک چین ایسلیریٹر کا نام دیا اور اس کی کوششیں ایک عرصے سے جاری تھی۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق یہ چپ بلاک چین پر بنائی گئی

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا سے سردار داود کھرل کی قیادت میں پشتون باغ ایکشن کمیٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

کانگریس کی منظوری کے بغیر ایران سے کسی بھی معاہدے کو روکیں گے، ریپبلکن سینیٹر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں ریپبلکن سینیٹر بل ہیگرٹی نے ایران کو دھمکی دی ہے کہ کانگریس میں جائزے کے بغیر موجودہ امریکی انتظامیہ کے ساتھ کسی بھی ممکنہ جوہری سمجھوتے کی صورت میں کانگریس ایران پر مزید پابندیاں عائد کرے گی اور اس سمجھوتے میں رخنہ ڈالے گی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ہیگرٹی نے اپنی ٹویٹ میں کہا کہ میں اور میرے ساتھی امریکی سینیٹ کے ارکان کو حاصل

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

خون میں لوتھڑے بننے سے خبردار کرنیوالی اسمارٹ فون ایپ متعارف

درستگی کا تناسب روایتی اور مہنگے ٹیسٹ جیسا ہی ہے، یہاں تک کے اسے گھر پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے

واشنگٹن (این این آئی) خون میں لوتھڑے بننے کا عمل براہِ راست بلڈ پریشر، فالج اور امراضِ قلب کی وجہ بنتا ہے۔اب ایک کم خرچ ایپ اور سادہ آلے سے ایک قطرہ خون کے نمونے سے اس میں لوتھڑے بننے کے رجحان کا جائزہ لیا جاسکتا ہے۔اس میں شرٹ کے بٹن سے بھی چھوٹے ایک پیالے میں پہلے ہی ایک کیمیکل اور تانبے کے خرد بینی ذرات ملے ہوتے ہیں۔اب اس میں خون کی معمولی مقدار شامل کر کے اسے اسمارٹ فون سے نصب کر کے اسے لرزش دی جاتے ہیں۔ہر فون میں ایک چھوٹی موٹر وائبریشن پیدا کرتی ہے۔اس عمل میں اسمارٹ فون کیمرہ ایپ کی بدولت خون میں گاڑھے پن کی کیفیت نوٹ کرتا رہتا ہے۔چند منٹوں بعد ایپ ازخود بتاتی ہے کہ خون میں لوتھڑے بننے کا کس قدر خطرہ ہے کیونکہ تھرتھراہٹ سے جب خون گاڑھا

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس یوکرین پر حملے کیلئے جھوٹا بہانہ بنا سکتا ہے، امریکا

حملے کے دن کی یقینی طور پر پیش گوئی نہیں کر سکتے، جیک سلیوان

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے نیٹو کے سرزمین کے ایک ایک انچ کے دفاع کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ روس کسی بھی وقت یوکرین پر حملہ کر سکتا ہے اور حملے کے لیے جھوٹا بہانہ بنا سکتا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق واشنگٹن میں صدر جو بائیڈن کے قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان نے کہا کہ حملہ اب کسی بھی دن ہو سکتا ہے۔جیک سلیوان

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کووڈ اور موسم کے درمیان تعلق کے مزید شواہد دریافت

معتدل درجہ حرارت والے خطوں کو کووڈ کی 2 لہروں کا سامنا ہو سکتا ہے، امریکی محققین

واشنگٹن (این این آئی) کووڈ 19 کا پھیلاؤ کی شرح میں اضافہ درجہ حرارت اور نمی سے جڑا ہوتا ہے، جس کے باعث اس کے کیسز میں سال کے مختلف مہینوں میں مختلف خطوں میں اضافہ ہوتا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات امریکا میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں سامنے آئی۔فلوریڈا یونیورسٹی کی تحقیق میں بتایا گیا کہ ٹھنڈے مقامات جیسے امریکا کی شمال

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عرب اتحاد نے حوثیوں کا ڈرون کنٹرول مواصلاتی نظام تباہ کر دیا

صنعاء (این این آئی) یمن میں آئینی حکومت کی حمایت کرنے والے عرب اتحاد نے صنعا کے شمال میں فضائی حملے کیے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اتحاد نے ایک بیان میں کہا کہ حوثی صنعا میں وزارت مواصلات اور انفارمیشن ٹکنالوجی کو دشمنی کی حمایت کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کرناٹک میں باحجاب طالبات کو اسکول میں داخل ہونے سے روک دیا گیا

ریاست میں باحجاب طالبات کے تعلیمی اداروں میں داخل ہونے اور کلاسز اٹینڈ کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی ریاست کرناٹک میں باحجاب طالبات کو اسکول میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔بھارتی میڈیا کے مطابق کرناٹک میں چند روز بند رہنے کے بعد اسکولز کھول دیئے گئے۔باحجاب طالبات سرکاری اسکول پہنچیں تو انہیں گیٹ پر روک دیا گیا اور ٹیچر نے طالبات کو حجاب اتارنے کی ہدایت کی۔باحجاب طالبہ کے والد نے ٹیچر سے درخواست کی کہ اسے کلاس میں جانے کی اجازت دی جائے وہ کلاس میں جا کر حجاب اتار دے گی لیکن ٹیچر نے ایک نہ سنی اور گیٹ پر ہی حجاب اتروا دیا۔کرناٹک کے تمام اسکولوں میں باحجاب اور برقع پہننے والی طالبات کو کلاسز اٹینڈ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ریاست میں باحجاب طالبات کے

تعلیمی اداروں میں داخل ہونے اور کلاسز اٹینڈ کرنے پر پابندی عائد کر دی گئی بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یہودی آبادکاروں کے قبلہ اول پر دھاوے، مسجد اقصی کی بے حرمتی

یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی، فلسطینی محکمہ اوقاف

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) درجنوں یہودی آبادکاروں نے اسرائیلی پولیس کی فول پروف سیکیورٹی میں مسجد اقصی میں گھس کر مسلمانوں کے قبلہ اول کی بے حرمتی کی۔یہودی آبادکار مراکشی دروازے کے راستے مسجد اقصی کے صحن میں داخل ہوئے۔اس موقع پر انتہا پسند یہودی شرپسندوں کو مزعومہ ہیکل سلیمانی کے بارے میں مذہبی بریفنگ بھی دی گئی۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطینی محکمہ اوقاف کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا کہ یہودی آبادکاروں، اسرائیلی طلبا اور انٹیلی جنس اہلکاروں سمیت درجنوں انتہا پسندوں نے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، ڈپٹی کمشنر آفس گوادر میں سملنگ کے روک تھام سے متعلق ورکنگ گوادر کے اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل ماہی گیری طارق بلوچ و دیگر شریک ہیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پشیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایجنل پلازہ، ایجنل روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا

فون: 2835212 فیکس: 2835212

ای میل imroz.ad@gmail.com

''شہر جاناں میں باصفا'' لوگوں کی تلاش

نصرت جاوید

اصل ''خبر'' تو یہ ہے کہ میرے اور آپ جیسے تنگ دل یا کم ظرف لوگوں کی آمد فی میں رتی بھر اضافہ کی بھی کوئی صورت نظر نہیں آرہی۔ مارچ کا آغاز ہوتے ہی مگر ہمارے گھروں میں بجلی کے بھوتل آگیں گرمی و بجلی کی فی یونٹ قیمت میں 3 روپے کا ناقابل برداشت اضافہ دکھائیں گے۔ رمزم ورہ استعمال ہی ہر شے کے نرخوں میں ایسے اضافوں کے لئے میں کی ماہ سے اس کالم کے ذریعے آپ کے ذہنوں کو تیار کر رہا ہوں۔ مہنگائی کی بابت مچائی دہائی مگر سوشل میڈیا کی توجہ حاصل نہیں کر پائی۔ لکھتے والو کو اس کے عوض Likes اور Share نصیب نہیں ہوتے۔

رمضان سلطانوں کی رعایا کو سرکس کے تماشوں سے بہلایا جاتا تھا۔ ان کے دلوں میں کھولتی ''شجاعت و دلیری'' کی تسکین کے لئے غلاموں کو کئی دنوں تک بھوکے رکھے خونخوار درندوں سے مقابلے کے لئے بھی چھوڑ دیا جاتا تھا۔ سوشل میڈیا دور حاضر کا دیا ہی ایک سرکس ہے۔ اس پر روٹی لگانے کے لئے ''سنجیدہ اور ذمہ دار صحافت'' کی علامت ہوئے کئی معتبر ساتھی بھی بے چین رہتے ہیں۔

ایسے معتبر اور عوام میں مقبول ساتھیوں کی ''اصول پسندی'' کی بدولت گزشتہ دو دنوں سے یہ طے کرنے کی کوشش ہوتی رہی کہ ایک خاتون صحافی کے فی الوقت شدید مشکلات سے دوچار ہوئے ٹیلی فونک انٹرویو کو کس معیار سے پرکھا جائے۔ اس ضمن میں کلیدی سوال بلکہ یہ ہے کہ وزیر اعظم کے صاحب کو اپنے وزراء کی کارکردگی اس انداز میں جانچنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی جس کے ذریعے پرائیری اور ہائی سکول کے طالب علموں کی کارکردگی کو ماپا جاتا ہے۔ فرض کیا وزیر اعظم کی معاونت کے لئے مذکورہ انداز اختیار کرنا ازحد ضروری تھا تو اس کے ''نتائج'' بر سر عام لانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی۔

عمران خان صاحب کرکٹ کے کپتان رہے ہیں۔ اپنی ٹیم کے ہر کھلاڑی کی صلاحیت و کارکردگی کا کپتان کو بخوبی علم ہوتا ہے۔ جو کھلاڑی اسے مطمئن نہ رکھ پائے اسے کوئی چڑی شروع کرنے سے قبل ''ڈراپ'' کر دیا جاتا ہے۔ اپنی کابینہ کے ضمن میں بھی عمران خان صاحب ایسا ہی رویہ اختیار کر سکتے تھے۔ انہوں نے مگر وزراء کی کارکردگی والے امتحان کے ''نتائج'' کو ایک بھرپور تقریب کے ذریعے عوام کے روبرو لانے کا فیصلہ کیا۔ جس پیمانے کے ذریعے وزیر خزانہ و خارجہ کی کارکردگی کے بھی جائزہ لیا گیا وہ ان دونوں اہم ترین وزارتوں کو ''ناقص'' کارکردگی کی حامل قرار دیتا ہے۔ شوکت ترین اور مخدوم شاہ محمود قریشی اس کے باوجود اپنے مناصب پر قائم و دائم ہیں۔ ''ناقص'' کارکردگی دکھانے کے باوجود اگر ان دونوں کو اپنے عہدوں پر برقرار رکھنا تھا تو کارکردگی جانچنے کی مشق میں وقت کیوں ضائع کیا۔

اس سوال پر غور کرتے ہوئے ذہن میں فوری طور پر یہ خیال آتا ہے کہ شاید وزیر اعظم کو یہ توقع تھی کہ عوام کے روبرو اپنی کارکردگی عیاں ہو جانے کے بعد ''معیار سے گرے'' وزراء از خود مستعفی ہو جائیں گے۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ ضدی بچوں کی طرح شاہ محمود قریشی صاحب بلکہ ڈٹے ہوئے ہیں کہ ان کا دیا ''پرچہ'' دوبارہ چیک کرنا اور ممتحن یا معیار کے ذریعے ''چیک'' کیا جائے۔ اپنی خواہش کے اظہار کے لئے انہوں نے وزیر اعظم کے مشیر ارباب شہزاد کو ایک درخواست نما چٹھی لکھی اور اسے پبلک بھی کر دیا۔

مخدوم شاہ محمود قریشی سیاست میں وارد نہیں۔ نام فواد چوہدری اور احمد دانیہ صاحب مخالفوں کی بھد اڑانے کے مقابلے میں جو برطانوی استعمار نے بہت مہارت سے ہمارے سروں پر مسلط کئے تھے۔ تحریک انصاف کے نائب صدر اور وفاقی کابینہ کے ''سینئر'' وزیر ہوتے ہوئے ان کا فرض تھا کہ اپنا احتجاج براہ راست وزیر اعظم صاحب کے روبرو ترجمان کے ذریعے نہ کرتے۔ جس پیمانے کے ذریعے وزیر خزانہ و خارجہ کی کارکردگی کو بھی جانچوا لیا گیا وہ ان دونوں اہم ترین وزارتوں کی حامل قرار دیتا ہے۔ شوکت ترین اور مخدوم شاہ محمود قریشی اس کے باوجود اپنے مناصب پر قائم و دائم ہیں۔ ''ناقص'' کارکردگی دکھانے کے باوجود اگر ان دونوں کو اپنے عہدوں پر برقرار رکھنا تھا تو کارکردگی جانچنے کی مشق میں وقت کیوں ضائع کیا۔

اس سوال پر غور کرتے ہوئے ذہن میں فوری طور پر یہ خیال آتا ہے کہ شاید وزیر اعظم کو یہ توقع تھی کہ عوام کے روبرو اپنی کارکردگی عیاں ہو جانے کے بعد ''معیار سے گرے'' وزراء از خود مستعفی ہو جائیں گے۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ ضدی بچوں کی طرح شاہ محمود قریشی صاحب بلکہ ڈٹے ہوئے ہیں کہ ان کا دیا ''پرچہ'' دوبارہ چیک کرنا اور ممتحن یا معیار کے ذریعے ''چیک'' کیا جائے۔ اپنی خواہش کے اظہار کے لئے انہوں نے وزیر اعظم کے مشیر ارباب شہزاد کو ایک درخواست نما چٹھی لکھی اور اسے پبلک بھی کر دیا۔

مخدوم شاہ محمود قریشی سیاست میں وارد نہیں۔ نام نہاد ''خاندانی سیاست دانوں'' کی اس گروہ کی نمائندہ میں جو برطانوی استعمار نے بہت مہارت سے ہمارے سروں پر مسلط کئے تھے۔ تحریک انصاف کے نائب صدر اور وفاقی کابینہ کے ''سینئر'' وزیر ہوتے ہوئے ان کا فرض تھا کہ اپنا احتجاج براہ راست وزیر اعظم صاحب کے روبرو کرتے۔ ایسی جرات مگر کہاں نصیب ہوئی۔ ارباب شہزاد صاحب کو چٹھی لکھنے کے بعد ''اہم تنخواہ'' پر کام جاری رکھا اور بلاول بھٹو زرداری کو کسی اور کی جانب سے لگھی ''پرچی'' کی بنیاد پر تقریر کرنے کا الزام سر پر اٹھائے ہوئے تضحیک کا نشانہ بنانا شروع ہو گئے۔

